

## تحصیل جتوئی کی خوبصورت پہچان

# مسجد سکینتہ الصغریٰ

مظفر گڑھ کی تحصیل جتوئی کی مسجد سکینتہ الصغریٰ جو ترک انجینئرز کی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، یہاں کی ایک خوبصورت پہچان ہے۔ ضلع مظفر گڑھ کی تحصیل جتوئی کی مسجد سکینتہ الصغریٰ خوبصورتی کے اعتبار سے اپنی مثال آپ ہے۔ اس مسجد کا سنگ بنیاد 2006ء میں رکھا گیا اور اسے ڈیڑھ سال کے مختصر عرصہ میں مکمل کرلیا گیا۔ مسجد کی تعمیر میں ترک انجینئرز نے اہم کردار ادا کیا۔ اس مسجد میں کی جانے والی خطاطی، منفرد نقش ونگار اور پودوں سے بنائے گئے اللہ پاک اور محمد ﷺ کے اسمائے گرامی پر آنے والوں کی خاص توجہ رہتی ہے۔ باون کنال کے رقبہ پر تعمیر کی گئی مسجد کے بلند و بالا مینار اس کی خاص پہچان ہیں۔ مکمل ایئر کنڈیشنڈ و زلزلہ پروف اس مسجد میں چار ہزار افراد کے نماز ادا کرنے کی گنجائش ہے۔ مسجد کے ساتھ مدرسہ بھی ہے جس میں بچوں کو دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ جتوئی تحصیل کی حدود میں بننے والی مسجد سکینتہ الصغریٰ جتوئی کی پہچان بن چکی ہے۔ یہ مسجد کوٹلہ رحیم علی شاہ کے ایک چھوٹے سے گاں میں واقع ہے۔ مسجد کا سنگ بنیاد 2006 میں رکھا گیا اور اسے ڈیڑھ سال کے مختصر عرصہ میں مکمل کرلیا گیا۔ مسجد کی تعمیر میں ترک انجینئرز نے اہم کردار ادا کیا۔ اس مسجد میں کی جانے والی خطاطی، منفرد نقش ونگار اور پودوں سے بنائے گئے اللہ اور محمد کے اسمائے گرامی پر آنے والوں کی خاص توجہ رہتی ہے۔ 52 کنال کے رقبہ پر تعمیر کی گئی مسجد کے بلند و بالا مینار اس کی خاص پہچان ہیں۔ مکمل ایئر کنڈیشنڈ و زلزلہ پروف اس مسجد میں 4 ہزار افراد کے نماز ادا کرنے کی گنجائش ہے۔ مسجد کے ساتھ مدرسہ بھی ہے جس میں بچوں کو دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ مسجد کی تعمیر میں مرکزی کردار ادا کرنے والے مقامی رہائشی امریکا میں ایک اعلیٰ سطح ہارٹ سرجن ہیں۔